سوال

میں جوان لڑکی ہوں اور الحمد للہ شرعی پردے کا التزام کرتی ہوں، میری خواہش ہے کہ میری بیٹیاں بھی ضرور شرعی پردہ کریں، لیکن مشکل یہ ہے کہ ہمارے معاشرہ میں شرعی پردہ کو لازم نہیں سمجھا جاتا بلکہ پردہ پر تنقید کی جاتی ہے! میں نے رشتہ طلب کرنے والے کے لیے شرط رکھی تھی کہ میری بیٹیاں بالغ ہوتے ہی (مثلا گیارہ برس کی عمر میں) شرعی پردہ کرنا شروع کردیں گی، لیکن افسوس کے ساتھ جتنے بھی رشتے آئے کسی نے بھی یہ شرط قبول نہیں کی، حالانکہ بعض نوجوان تو داڑھی والے تھے اور مسجد میں بھی جاتے تھے، مجھے یہ بتائیں کہ میں کیا کروں؟

جواب

الحمد للہ

مسلمان عورت پر اللہ سبحانہ وتعالی نے پردہ کرنا فرض کیا ہے، اس لیے عورت کی کسی شخص کی تنقید یا پھر برا کہنے والے کی برائی کی بنا پر پردہ کرنا ترک نہیں کرنا چاہیے

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

کسی بھی مومن مرد اور مومنہ عورت کے لیے جب اللہ تعالی اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کوئی فیصلہ کردیں تو اسے اپنے معاملہ میں کوئی اختیار نہیں رہتا، اور جو کوئی اللہ تعالی اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نافرمانی کریگا تو وہ واضح گمراہ ہوا الاحزاب (36).

اور ایک مقام پر اللہ رب العزت کا فرمان ہے:

آپ کے رب کی قسم! یہ اس وقت تک مومن ہی نہیں بن سکتے جب تک آپس کے جھگڑے میں آپ کو اپنا حاکم اور فیصلہ کرنے والا تسلیم نہ کرلیں، اور پھر جو آپ جو فیصلہ کردیں اس میں کوئی تنگی محسوس نہ کریں، اور اسے دل سے تسلیم نہ کرلیں النساء (65).

پردہ کے مزید تفصیلی دلائل اور پردہ کا طریقہ دیکھنے کے لیے آپ سوال نمبر (6991) اور (20791) اور (11774) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں

آپ کو چاہیے کہ نیک وصالح اور صراط مستقیم پر چلنے والا خاوند اختیار کریں، وہی آپ کی حفاظت کرسکتا ہے، اور آپ کی بچیوں کی بھی حفاظت کریگا، اور بچیوں کی تربیت میں بھی اللہ کا خوف اور ڈر اختیار کریگا

رہا مسئلہ رشتہ کے لیے آنے والے شخص کے ساتھ بچیوں کے پردہ کے بارہ میں شرط رکھنا اور اس کے بارہ میں بات چیت کرنا تو ایسا نہیں کرنا چاہیے؛ کیونکہ اگر خاوند نیک وصالح ہو تو پھر اس کی ضرورت ہی نہیں رہتی

اور اس لیے بھی کہ ایسے مسئلہ کے متعلق بات چیت کرنا جو دس برس کے بعد ہوگا اس سے غلو اور تکلف اور عدم اعتماد سا محسوس ہوتا ہے، اور پھر اگر خاوند پردہ دار بیوی کو پسند کرتے ہوئے راضی ہوتا ہے تو ظن غالب یہی ہے کہ وہ کل اپنی بیٹیوں کو بھی ضرور پردہ کرائیگا، بلکہ اگر وہ صراط مستقیم پر چل رہا ہے تو بچیوں پر پردہ لازم کریگا

اللہ سبحانہ وتعالی سے دعا ہے کہ وہ آپ کے لیے نیک وصالح خاوند کے حصول میں آسانی پیدا فرمائے، اور نیک وصالح اولاد نصیب کرکے آپ کی آنکھوں کو ٹھنڈا کرے

واللہ اعلم.

اسلام سوال وجواب

147036